# رہبر معظم کی بعض قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور بخشش کی درخواست سے موافقت - 23 /May/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے عید سعید فطر کی مناسبت سےعام عدالتوں، انقلاب اسلامی عدالتوں ، فوجی اور خصوصی عدالتوں سے سزا پانے والے 3721 قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور عفو کی درخواست موافقت کی ہے۔

عدلیہ کے سربراہ حجۃ الاسلام والمسلمین سید ابراہیم رئیسی نے عید سعید فطر کی مناسبت سے رہبر معظم انقلاب اسلامی کے نام ایک خط میں درخواست کی تھی کہ قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور بخشش سے متعلق مرکزی کمیشن نے 3721 قیدیوں کو سزاؤں میں کمی اور بخشش کا مستحق قراردیا ہے ۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے بنیادی آئین کی دفعہ 110 کی شق 11 کے تحت اس درخواست کو منظور کرلیا۔